# مہر بانی کرکے فرمائیے کہ پانچ وقت کی نمازوں کے الگ الگ وقت فضیلت کیا ہے؟

---

<"xml encoding="UTF-8?>

سوال

مہر بانی کرکے فرمائیے کہ پانچ وقت کی نمازوں کے الگ الگ وقت فضیلت کیا ہے؟

ایک مختصر

مستحب ہے کہ انسان پانچ وقت کی نمازوں کو الگ الگ پانچ وقت پر بجا لائے، یعنی ہر نماز کو اپنی فضیلت کے وقت پر بجا لائے اور نمازوں کے درمیان صرف نافلہ پڑھنے یا تعقیبات کی مقدار میں فاصلہ دنیا کافی نہیں ہے، بلکہ معیار وہی فضیلت کا وقت ہے۔

نماز ظہر کی فضیلت کا وقت شاخص کے سایہ کا خود شاخص کے برابر ہونے تک ہے﴿ یہاں پر سایہ سے مراد وہ سایہ ہے جو ظہر کے بعد پیدا ہوتا ہے۔﴾

نماز عصر کی فضیلت کا وقت شاخص کے سایہ کا خود شاخص کے برابر ہونے سے اس سایہ کے شاخص کے دوگنا ہونے تک ہے۔

نماز مغرب کی فضیلت کا وقت سورج ڈوبنے سے "حمرہ مغربیہ"﴿سورج ڈوبنے کے بعد مغرب میں پیدا ہونے والی سرخی﴾ کے زائل ہونے تک ہے۔

نماز عشاء کی فضیلت کا وقت مذکورہ سرخی ختم ہونے کے وقت سے رات کی ایک تہائی گزرنے تک ہے۔

نماز صبح کی فضیلت کا وقت اول طلوع فجر سے﴿ یعنی پو پھٹنے سے﴾ روشن ہونے تک ہے۔